لاہور اسلام آباد مظفر آباد پشاور ملتان رحیم یار خان کوئٹہ کراچی کی خبریں

Daily Waqat International Lahore

ABC CERTIFIED

چیف ایڈیٹر ادریس پراچہ

روزنامہ وقت انٹرنیشنل لاہور

ایگزیکٹو ایڈیٹر
میاں میر احمد مستانہ سہروردی

جلد نمبر 09 منگل۔16 جولائی 2024۔09 محرم الحرام 1445ھ۔(صفحات 6 قیمت 20 روپے) شمارہ نمبر 176

عوام کے واپڈا، نادرا اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے متعلق مسائل موقع پر حل کروائے

امیر و غریب سائل کا مسلہ بڑی عزت اور احترام سے سن کر اسے میرٹ پر حل کرانے کیلئے اپنی خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار لا رہے ہیں

چشتیاں (میاں میر احمد مستانہ سہروردی سے) وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور کے ایسو سی ایٹ ایڈوائزر باسط عزیز خان نے کہا ہے کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے ویژن ''انصاف آپکی دہلیز پر'' کے مطابق واپڈا کمپلیکس چشتیاں میں مختلف محکموں کیخلاف دائر کی گئی عوام کی شکایات کی سماعت کی، اور شکایت کنندگان کے 25 خراب میٹر تبدیل کروائے، 2 ٹرانسفارمز کو 50 kv سے 100kv میں تبدیل کرنے کے احکامات جاری کیے، اور تقریبا 15 لاکھ کی ناجائز ڈیٹیکشن بلز ریوائز کروا دیے، اور ''پروٹیکٹڈ سے نان پروٹیکٹڈ کیٹیگری میں غریب صارف کو شامل کرنیوالے تمام بجلی بلوں کی درستگی کے آرڈرز جاری کیے۔ انہوں نے واپڈا دفتر میں کھلی کچہری کے موقع پر عوام کے واپڈا، نادرا اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے متعلق مسائل موقع پر حل کروائے۔ عوام نے اس موقع پر کھلی کچہری میں درخواستیں بھی جمع کروائیں۔ لوگوں نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی جانب سے وفاقی سرکاری اداروں سے متعلق شکایات کو مقامی سطح پر حل کرانے کے فیصلہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ عام آدمی کی شنوائی تو بلدیہ دفتر میں نہیں ہوتی لیکن وفاقی اداروں کیخلاف عوامی شکایات کو بڑے مربوط انداز میں ڈیجیٹل ریکارڈ کے ساتھ حل کرانا انتہائی قابل تحسین اور قابل تقلید واقعہ ہے۔ اس موقع پر لوگوں نے عوامی مسائل انکی دہلیز پر حل کروانے کے سلسلہ میں فرض شناس آفیسر باسط عزیز خان کی انتھک کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہر امیر و غریب سائل کا مسلہ بڑی عزت اور احترام سے سن کر اسے میرٹ پر حل کرانے کیلئے اپنی خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار لا رہے ہیں۔

چشتیاں۔ باسط عزیز خان کمشنر ایسو سی ایٹس وفاقی محتسب بہاولپور واپڈا چشتیاں میں کھلی کچہری کے دوران عوامی مسائل سن کر احکامات جاری کر رہے ہیں۔